# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON "THE CIVIL SERVANTS (AMENDMENT), 2021 (GOVERNMENT BILL)

I, Chairperson of the Standing Committee on Cabinet Secretariat have the honour to present this report on the Bill further to amend "The Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill 2021] (Government Bill) referred to the Committee on 3rd February, 2021.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Ms. Kishwer Zehra | Chairperson |
| 2. | Mr. Muhammad Sajjad | Member |
| 3. | Mr. Rasheed Ahmad Khan | Member |
| 4. | Mr. Ahmad Raza Maneka | Member |
| 5. | Rana Iradat Sharif Khan | Member |
| 6. | Ms. Shahnaz Saleem Malik | Member |
| 7. | Ms. Seema Mohiuddin Jameeli | Member |
| 8. | Mr. Roshanuddin Junejo | Member |
| 9. | Mir Ghulam Ali Talpur | Member |
| 10. | Ms. Mussarat Rafiq Mahesar | Member |
| 11. | Mr. Muhammad Abu Bakar | Member |
| 12. | Syed Mehmood Shah | Member |
| 13. | Mr. Muhammad Hashim | Member |
| 14. | Mr. Mohsin Dawar | Member |
| 15. | Mr. Muhammad Asim Nazir | Member |
| 16. | Mr. Aamir Talal Gopang | Member |
| 17. | Minister-in-charge for Cabinet Secretariat | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at 'Annex-A', in its meetings held on 2nd April, 23rd August, 17th September, 14th October, and 1st November, 2021 30th September and 6th December, 2022 and 14th and 28th February, 2023 and proposed the following amendment therein. -

**Clause 2**

In Clause 2, for the expression "Establishment Division" wherever occurring, the expression "Minister In-charge" shall be substituted.

**Clause 6**

In Clause 6, for the expression "Finance Division" the expression "Minister In-charge" shall be substituted.

4. The Committee recommended that the Bill as reported by the Standing Committee placed at Annex-B may be passed by the Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 4th May, 2023

**Sd/-**
**(MS. KISHWER ZEHRA)**
Chairperson

**Annex "A"**

**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Civil Servants Act, 1973*

WHEREAS it is expedient further to amend the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.** - (l) This Act shall be called the Civil Servants (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. Amendment of section 3, Act LXXI of 1973.- In the Civil Servants Act, 1973 (LXXI) of 1973), hereinafter referred to as the said Act in section 3,-

(a) in sub-section (3), for the words "Federal Government", the words "Establishment Division" shall be substituted; and

(b) in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "Establishment Division" shall be substituted.

3. **Amendment of section 10A, Act LXXI of 1973.**- In the said Act, in section 10A, in sub-section (2), for the expression "of the Federal Government in accordance with rules, which shall be laid before both Houses of Majlis-e-Shoora (Parliament)", the words "in accordance with the rules prescribed for the purpose under this Act from time to time" shall be substituted.

4. **Amendment of section 11A, Act LXXI of 1973.-** In the said Act, in section 11A, for the words "Government decision", the words "decision of the Government or such other competent authority', shall be substituted.

5. **Amendment of section 15, Act LXXI of 1973.-** In the said Act, in section 15, the words "Government or', shall be omitted.

6. **Amendment of section 19, Act LXXI of 1973'-** In the said Act, in section 19, in sub-section (3), for the word "Government", the words "Finance Division" shall be substituted.

-------------

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASON

The Bill seeks to amend the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) with the objective that the Cabinet in its meeting held on 8th November, 2017 while considering the summary submitted by Petroleum Division regarding appointment of Director General Hydrocarbon Development Institute of Pakistan (HDIP) inter-alia decided that all Ministries and Divisions should in consultation with Law and Justice Division, make amendments in the respective Acts/Rules and replace the words Federal Government with appropriate authority (ies )".

The Bill seeks to achieve the aforesaid object.

**Minister for Parliamentary Affairs**

<u>**Annex "B"**</u>

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**BILL**

*further to amend the Civil Servants Act, 1973*

WHEREAS it is expedient further to amend the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**. - (l) This Act shall be called the Civil Servants (Amendment) Act, 2023.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 3, Act LXXI of, 1973**.- In the Civil Servants Act, 1973 (LXXI) of 1973), hereinafter referred to as the said Act, in section 3, -

(a) in sub-section (3), for the words "Federal Government", the words "Minister in-charge" shall be substituted; and

(b) in sub-section (4), for the words "Federal Government", the words "Minister in-charge" shall be substituted.

3. **Amendment of section 10A, Act LXXI of 1973.-** In the said Act, in section 10A, in sub-section (2), for the expression "of the Federal Government in accordance with rules, which shall be laid before both Houses of Majlis-e-Shoora (Parliament)", the words "in accordance with the rules prescribed for the purpose under this Act" shall be substituted.

4. **Amendment of section 11A, Act LXXI of 1973**.- In the said Act, in section 11A, for the words "Government decision", the words "decision of the Government or such other competent authority', shall be substituted.

5. **Amendment of section 15, Act LXXI of 1973**.- In the said Act, in section 15, the words "Government or', shall be omitted.

6. **Amendment of section 19, Act LXXI of 1973'**- In the said Act, in section 19, in sub-section (3), for the word "Government", the words "Minister in-charge" shall be substituted.

-------------

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASON

The Bill seeks to amend the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) with the objective that the Cabinet in its meeting held on 8th November, 2017 while considering the summary submitted by Petroleum Division regarding appointment of Director General Hydrocarbon Development Institute of Pakistan (HDIP) inter-alia decided that all Ministries and Divisions should in consultation with Law and Justice Division, make amendments in the respective Acts/Rules and replace the words Federal Government with appropriate authority (ies)".

The bill seeks to achieve the aforesaid object.

**Minister for Parliamentary Affairs**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## "سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱" (سرکاری بل) پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ۔

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ ۳/ فروری، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ "سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | محترمہ کشور زہرا | چیئرپرسن |
| ۲۔ | جناب محمد سجاد | رکن |
| ۳۔ | جناب رشید احمد خان | رکن |
| ۴۔ | جناب احمد رضا مانیکا | رکن |
| ۵۔ | رانا ارادت شریف خان | رکن |
| ۶۔ | محترمہ شہناز سلیم ملک | رکن |
| ۷۔ | محترمہ سیما محی الدین جمیلی | رکن |
| ۸۔ | جناب روشن الدین جونیجو | رکن |
| ۹۔ | میر غلام علی تالپور | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ مسرت رفیق مہیسر | رکن |
| ۱۱۔ | جناب محمد ابوبکر | رکن |
| ۱۲۔ | سید محمود شاہ | رکن |
| ۱۳۔ | جناب محمد ہاشم | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محسن داوڑ | رکن |
| ۱۵۔ | جناب محمد عاصم نذیر | رکن |
| ۱۶۔ | جناب عامر طلال گوپانگ | رکن |
| ۱۷۔ | وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲/ اپریل، ۲۳/ اگست، ۱۷/ ستمبر، ۱۴/ اکتوبر، یکم نومبر، ۲۰۲۱ء، ۳۰/ ستمبر اور ۶/ دسمبر، ۲۰۲۲ء اور ۱۴ اور ۲۸/ فروری، ۲۰۲۳ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں 'ضمیمہ۔ الف' کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں درج ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

## شق ۲

شق ۲ میں عبارت " عملہ ڈویژن " جہاں کہیں واقع ہو کو عبارت " وزیر انچارج " سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## شق ۶

شق ۶ میں عبارت " خزانہ ڈویژن " کو عبارت " وزیر انچارج " سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ اسمبلی قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ منسلکہ۔ب پر موجود بل کی منظوری دے۔

(طاہر حسین)

سیکرٹری

اسلام آباد، ۷ رمئی، ۲۰۲۳ء

(محترمہ کشور زہرا)

چیئرپرسن

منسلکہ "ب"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ سول ملازمین (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں، جس کا حوالہ بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۳ میں، ـــــ

(الف) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" الفاظ "وزیر انچارج" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" الفاظ "وزیر انچارج" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۰/الف کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰/الف میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، عبارت "وفاقی حکومت کی بابت قواعد کی مطابقت میں جسے مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کے دونوں ایوانوں کے رُوبرُو پیش کیا جائے گا"، الفاظ "وقتاً فوقتاً اس ایکٹ کے تحت اس غرض کے لیے مقرر کردہ قواعد کی مطابقت میں" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۱/الف کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۱/الف میں الفاظ "حکومتی فیصلہ" کو الفاظ "حکومت یا دیگر ایسی مجاز ہئیت کا فیصلہ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۵ میں، الفاظ "حکومت یا" کو حذف کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۹ میں، ذیلی دفعہ (۳) میں، لفظ "حکومت" کو الفاظ "وزیر انچارج" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

### بیان اغراض و وجوہ

بل سول ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) اس غرض سے ترمیم کا متقاضی ہے کہ کابینہ نے ۸/نومبر، ۲۰۱۷ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں جب پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے ہائیڈروکاربن ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ آف پاکستان (ایچ ڈی آئی پی) کے ڈائریکٹر جنرل کے تقرر کی بابت سمری پیش کی گئی تو اس پر غور کرتے ہوئے منجملہ دیگر اس فیصلہ کیا گیا تھا کہ تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو متعلقہ ایکٹ / قواعد میں ترامیم وضع کرنے کے لیے قانون و انصاف ڈویژن سے مشاورت کرنی چاہیے اور الفاظ وفاقی حکومت کو مناسب ہئیت (ہئیتوں) سے تبدیل کرنا چاہیے۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا غرض کا حصول ہے۔

وزیر برائے پارلیمانی امور

**منسلکہ "الف"**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

## سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا

## بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:-** (۱) یہ ایکٹ سول ملازمین (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:-** سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) میں، جس کا حوالہ بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے کی، دفعہ ۳ میں،-----

(الف) ذیلی دفعہ (۳) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" الفاظ "اسٹیبلشمنٹ ڈویژن" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۴) میں، الفاظ "وفاقی حکومت" الفاظ "اسٹیبلشمنٹ ڈویژن" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۰/الف کی ترمیم:-** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۰/الف میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، عبارت "وفاقی حکومت کی بابت قواعد کی مطابقت میں جسے مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ) کے دونوں ایوانوں کے رُوبرُو پیش کیا جائے گا"، الفاظ "وقتاً فوقتاً اس ایکٹ کے تحت اس غرض کے لیے مقرر کردہ قواعد کی مطابقت میں" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۴۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۱/الف کی ترمیم:-** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۱/الف میں الفاظ "حکومتی فیصلہ"، الفاظ "حکومت یا دیگر ایسی مجاز ہیئت کا فیصلہ" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

۵۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۵ کی ترمیم:-** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۵ میں، لفظ "حکومت یا" کو حذف کر دیا جائے گا۔

۶۔ **ایکٹ نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء کی، دفعہ ۱۹ کی ترمیم:-** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۹ میں، ذیلی دفعہ (۳) میں، لفظ "حکومت" الفاظ "خزانہ ڈویژن" سے تبدیل کر دیئے جائیں گے۔

## بیان اغراض و وجوہ

بل سول ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء (نمبر ۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) اس غرض سے ترمیم کا متقاضی ہے کہ کابینہ نے ۸/نومبر، ۲۰۱۷ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں جب پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے ہائیڈروکاربن ڈویلپمنٹ انسٹیٹیوٹ آف پاکستان (ایچ ڈی آئی پی) کے ڈائریکٹر جنرل کے تقرر کی بابت سمری پیش کی گئی تو اس پر غور کرتے ہوئے منجملہ دیگر اس فیصلہ کیا گیا تھا کہ تمام وزارتوں اور ڈویژنوں کو متعلقہ ایکٹ / قواعد میں ترامیم وضع کرنے کے لیے قانون و انصاف ڈویژن سے مشاورت کرنی چاہیے اور الفاظ وفاقی حکومت کو مناسب ہیئت (ہیئتوں) سے تبدیل کرنا چاہیے۔

بل کا مقصد مذکورہ بالا غرض کا حصول ہے۔

**وزیر برائے پارلیمانی امور**